© rasailojaraid.com



صرف وہ اپنی ذاتی صحت ٹھیک رکھیں گے بلکہ خاندان کے دوسرے چھوٹے بڑوں کے لیے ایک حد تک معالج کا کام کرسکیں گے (اور یوں علاج پر خرچ ہونے والے ہزاروں بلکہ شاید لاکھوں روپے کی بچت کریں گے)۔

صحت کی حفاظت میں بیماریوں سے بچاؤ اور زندگی گزارنے کے آسان طریقے فراہم کیے گئے ہیں۔ قدرتی دوائیں میں پھلوں، سبزیوں اور عام جڑی بوٹیوں سے محفوظ اور مؤثر انداز سے علاج کے طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ وہ باتیں جو اخبارات اور رسائل میں موسم کے لحاظ سے پڑھنے کو ملتی ہیں، سب یہاں یک جا اور مستند موجود ہیں۔ امراض اور علاج میں ہر قسم کے عام امراض (بلڈ پریشر، ذیابیطس، دمہ اور دیگر) کے بارے میں بہت کام کی باتیں اور مفید مشورے دیے گئے ہیں اور ساتھ ہی طبِ یونانی کے کچھ آسان نسخے بھی بیان کیے گئے ہیں۔

عام فائدے کی یہ معیاری کتابیں ہر فرد کی ضرورت ہیں۔ (مسلم سجاد)

**مجھے ہے حکمِ اذاں**، اوریا مقبول جان۔ ناشر: کتاب گھر، ادارہ الانوار، دکان ۲، انور مینشن، بنوری ٹاؤن، کراچی۔ فون: ۴۹۱۹۶۷۳۔ صفحات، حصہ اوّل: ۳۱۰، دوم: ۳۱۲۔ قیمت: درج نہیں۔

پاکستان کے اخباری صفحات پر روزانہ لاکھوں الفاظ خرچ کر کے خبریں پیش کی جاتی ہیں اور مضامین یا کالم لکھے جاتے ہیں۔ جملوں اور حرفوں کی یہ برکھا چند گھنٹوں میں فنا کے گھاٹ اُتر جاتی ہے۔ تاہم جو چند ہزار الفاظ زندگی پاتے ہیں، ان میں سے ایک قابلِ لحاظ تعداد اوریا مقبول جان کے حصے میں آئی ہے۔ حرفِ راز کے اس پُرعزم رازدان نے لفظوں کو پاکیزگی اور عصری شعور کو دانش کی کسوٹی پر پرکھنے کی روایت میں بامعنی پیش رفت کی ہے۔

ان دو مجموعوں میں شامل مختصر مضامین معروف ہفت روزہ ضربِ مومن میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان نثر پاروں میں ہماری زندگی کے روزمرہ حادثات و واقعات کو تاریخی، سماجی، دینی، اخلاقی اور نفسیاتی تناظر میں سمجھنے اور سمجھانے کا توجہ طلب انداز پایا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر کتاب کے اوراق پر مغرب کی غیرمنصفانہ یلغار، دھونس اور زیادتی کے فہم کو نمایاں کیا اور خود مسلم دنیا میں بکھری بے عملی اور بے حمیتی پر نظر ڈالی گئی ہے۔ مسلم دنیا بھی کیا، مسلم قیادتوں کی بے وفائی نے دشمن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے راستے صاف اور آراستہ کرنے کے لیے جو گل کھلائے ہیں، ان مضامین میں انھیں دیکھا اور احساسِ زیاں کی کسک محسوس کی جاسکتی ہے۔(سلیم منصور خالد)

**دل پہ دستک**، اختر عباس۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۲۴۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

اختر عباس صحافتی اور ادبی حلقوں میں جانا پہچانا نام ہے۔ زیرنظر کتاب کے ۳۴ اخباری کالم، دین، وطن اور اپنی اقدار کے ساتھ محبت کرنے والے قلم کار کی سوچ بچار، ذاتی تجربے، مشاہدے اور مطالعے کا عکس ہیں۔ خوب صورت الفاظ، عام فہم، سادہ اور چھوٹے چھوٹے جملوں کے ساتھ بات کہنے کا فن، پُرکشش عنوانات کے ساتھ۔ چند عنوانات درج ذیل ہیں: 'انھیں موت دوست لگتی ہے'، 'خالی ہاتھوں والوں کو کوئی کیسے یاد رکھے'، 'غلط فیصلوں کے پہاڑ اکثر سر نہیں ہوتے'، 'جتنا بڑا یقین اتنی بڑی کامرانی'، 'اتنے سخت دل تو نہ ہو جایا کرو'۔

اختر عباس نوجوان قلم کار ہیں جنھوں نے قلمی جہاد کا بیڑا اٹھایا ہے۔ واعظانہ انداز کے بجائے خاموشی سے اپنی بات اس طرح کہتے ہیں جس سے امید، سرشاری کے جذبات اُجاگر ہوتے ہیں۔ یہی ان کی تحریر کی خوبی اور بات کہنے کا وہ ڈھنگ ہے جو ان کو موجودہ دور کے اہلِ قلم میں ممتاز کرتا ہے۔ اگرچہ یہ کالم پھول ڈائجسٹ میں بچوں کے لیے لکھے گئے ہیں مگر یہ ہر عمر کے قاری کو متاثر کرتے ہیں۔ جہادِ زندگی میں نئے راستوں اور منزلوں کے متلاشی حضرات کے لیے یہ کتاب ایک انمول تحفہ ہے۔(عمران ظہور غازی)

## تعارف کتب

⊙ ماہ نامہ **چراغ اسلام**، مدیراعلیٰ: مولانا عطاء الرحمٰن مدنی۔ پتا: جامعہ عربیہ، انور انڈسٹری، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [ملک بھر سے نکلنے والے دینی رسائل کی تعداد میں ایک خوش گوار اضافہ۔ چار شمارے شائع ہوچکے ہیں۔ مضامین کا انتخاب معیاری ہوتا ہے۔ اکتوبر کے شمارے میں اعتکاف، شب قدر اور غزوۂ بدر پر مضامین ہیں۔ عید کارڈ کے خلاف ایک مؤثر مضمون بھی شامل ہے۔]

⊙ سہ ماہی **الحنیف**، مدیراعلیٰ: قاری افضل اکبر۔ پتا: فاروقی مسجد، سعود آباد، ملیر، کراچی-۳۷۔ صفحات: ۶۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [یہ بھی ایک اضافہ ہے لیکن سہ ماہی۔ پہلے شمارے میں سید ابوالاعلیٰ مودودی، سید قطب شہید،

© rasailojaraid.com